# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

## END-OF-YEAR ASSESSMENT

**SUBJECT: SOCIAL STUDIES**

**FINAL TERM**

**GRADE-4**

**[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : b | Q. No.2 : a | Q. No.3 : b |
| Q. No.4 : d | Q. No.5 : b | Q. No.6 : c |
| Q. No.7 : c | Q. No.8 : c | Q. No.9 : a |
| Q. No.10 : c | Q. No.11 : b | Q. No.12 : b |
| Q. No.13 : d | Q. No.14 : b | Q. No.15 : c |
| Q. No.16 : d | Q. No.17 : a | Q. No.18 : c |
| Q. No.19 : a | Q. No.20 : b | Q. No.21 : c |
| Q. No.22 : c | Q. No.23 : c | Q. No.24 : c |
| Q. No.25 : c | | |

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 26**

سوال نمبر26

**a ) Describe means of communication.( Marks 05)**

ابلاغ کے جدید ذرائع بیان کریں۔(5 نمبر)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 سے 4 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب: جدید ذرائع ابلاغ نے ٹیکنالوجی کی ترقی کے باعث عالمی رابطے کو تیز اور مؤثر بنا دیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز جیسے فیس بک اور انسٹاگرام پیغامات، تصاویر اور ویڈیوز کے فوری تبادلے کی سہولت فراہم کرتے ہیں، جبکہ واٹس ایپ اور ٹیلیگرام جیسے میسجنگ ایپس حقیقی وقت میں متن اور آواز کے ذریعے رابطے کی سہولت دیتے ہیں۔ زوم اور گوگل میٹ جیسے ویڈیو کانفرنسنگ ٹولز نے دور دراز کے تعاون کو تبدیل کر دیا ہے، اور ای میلز رسمی پیغامات کے تبادلے کے لیے اہم ہیں۔ مزید برآں، الیکسا اور سری جیسے وائس اسسٹنٹس مصنوعی ذہانت کی مدد سے رابطے کو آسان بناتے ہیں۔ یہ جدید ذرائع رفتار، رسائی، اور ملٹی میڈیا خصوصیات کو یکجا کرتے ہوئے ہماری گفتگو کے طریقوں میں انقلاب لے آئے ہیں۔

**What is religious harmony? Explain with example.(Marks 05)**

مذہبی ہم آہنگی کیا ہوتی ہے؟ مثال سے واضح کریں۔ (5 نمبر)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم درست اور مکمل جواب لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں، جزوی طور پر درست جواب لکھنے پر ایک تا چار نمبر دیں، بالکل نہ اور نامکمل لکھنے کی صورت میں صفر نمبر دیں

نمونے کا جواب: پاکستان ایک ایسا خطہ ہے جہاں دنیا کے بیشتر مذاہب کے لوگ آباد ہیں۔ ان میں مسلمان، مسیحی، ہندو سکھ، بدھ اور پارسی وغیرہ شامل ہیں۔ یہاں مسلمان اکثریت میں ہیں۔ لیکن پاکستان میں اقلیتوں کو بھی بنیادی حقوق حاصل ہیں۔ اسے مذہبی ہم آہنگی کہتے ہیں۔ اس کا اظہار قومی پرچم میں موجود سفید رنگ سے ہوتا ہے جو اقلیتوں کی نمائندگی کرتا ہے۔ پاکستان میں اقلیتیں آزادی سے زندگی گزارتے ہوئے اپنے عقائد اور رسم و رواج پر عمل کرتی اور اپنے تہوار مناتی ہیں۔

کرسمس مسیحیوں کا تہوار ہے، جو وہ 25 دسمبر کو انتہائی جوش و خروش سے مناتے ہیں۔ وہ اپنے گرجا گھر سجاتے ہیں۔ مذہبی تقریبات منعقد کرتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کو تحفے تحائف دیتے ہیں۔ اسی طرح سکھ مذہب کے لوگ اپنے نئے سال کا آغاز بیساکھی مناتے ہوئے کرتے ہیں۔ مذہبی گیت گاتے ہیں۔ موم بتیاں روشن کرتے ہیں اور مختلف رسومات ادا کرتے ہیں۔ ہندو دیوالی مناتے ہیں۔ اس تہوار پر نئے کپڑے پہنتے ہیں۔ گھروں کے اندر اور باہر چراغ اور دیے جلاتے ہیں۔

**Question No: 27**

سوال نمبر 27

**a ) Democracy is the most popular system in the world, Explain. (Marks 05)**

جمہوریت دنیا بھر میں مقبول ترین نظام ہے، وضاحت کریں۔ (5 نمبر)

آئیٹم روبرک (اردو):

طالب علم مکمل درست جواب لکھتا ہے تو مکمل پانچ نمبر دیں۔ جزوی درست جواب لکھنے پر ایک تا چار نمبر دیں۔ مکمل غلط جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب: جمہوری نظام حکومت: جمہوریت دنیا بھر میں مقبول ترین نظام حکومت ہے۔ یہ دراصل عوام کی حکومت ہوتی ہے، عوام کے ووٹ سے منتخب ہوتی ہے اور عوام کے لیے ہی کام کرتی ہے۔ پاکستان ایک اسلامی جمہوری ریاست ہے۔ یہاں جمہوری نظام حکومت قائم ہے یعنی یہاں عوام اپنے حقوق اور آزادی رائے کے لیے آواز اٹھا سکتے ہیں۔ جمہوری نظام حکومت پارٹی چلاتی ہے۔ ابراہم لنکن کا کہنا ہے: جمہوریت کا مطلب عوام کی حکومت عوام کے ذریعے اور عوام کے لیے۔

**Explain the difference between rule and law. (Marks 05)**

اصول اور قانون میں فرق واضح کریں۔ (نمبر 05)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم درست اور مکمل جواب لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں، جزوی طور پر درست جواب لکھنے پر ایک تا چار نمبر دیں، بالکل نہ اور نامکمل لکھنے کی صورت میں صفر نمبر دیں۔

نمونے کا جواب: اصول: اصول سے مراد ایسی ہدایات ہیں جو لوگوں کے ایک ساتھ رہتے زندگی گزارنے اور ان کی حفاظت میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔

قانون: جب اصولوں کو قانونی حیثیت دی جاتی ہے تو وہ قانون کہلاتا ہے۔ قانون کی خلاف ورزی پر عدالتوں میں سزا دی جاتی ہے۔

معاشرے میں امن و امان قائم رکھنے کے لیے کچھ اصول وضع کیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہمیں سڑک پر احتیاط سے جانا چاہیے۔ یہ سڑک پر چلنے کے اصول ہیں۔

جب یہی اصول حکومت کی جانب سے ہر شہری کے لیے ایک جیسے ہوں تو وہ قانون کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ قانون سب کے لیے برابر ہے اور قانون کی پابندی کرنا ہر شہری کا فرض ہے۔

**Question No: 28**

سوال نمبر 28

**a )** **Explain the reasons for the decline of Egyptian civilization.(Marks 05)**

مصری تہذیب کے زوال کی وجوہات بیان کریں۔(5 نمبر)

آئیٹم روبرک (اردو):

طالب علم مکمل درست جواب لکھتا ہے تو مکمل پانچ نمبر دیں۔ جزوی درست جواب لکھنے پر ایک تا چار نمبر دیں۔ مکمل غلط جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب: اس تہذیب پر دوسری طاقتوں کا قبضہ ہو گیا ہتھیار بنانے کے لیے خام مال (لوہے) کی عدم دستیابی ہو گئی تھی کثر خانہ جنگی بھی ہوتی رہتی تھی موسمی تبدیلیوں کے باعث دریائے نیل میں پانی کی سطح بہت کم ہو گئی تھی قحط سالی بھوک اور پانی کی کمی کے باعث بہت سے لوگ دم توڑ گئے تھے

**What is meant by civilization? Write the names of ancient civilizations in human history.(Marks 05)**

تہذیب سے کیا مراد ہے؟ انسانی تاریخ کی ابتدائی تہذیبوں کے نام لکھیں۔(5 نمبر)

آئیٹم روبرک (اردو):

طالب علم مکمل درست جواب لکھتا ہے تو مکمل پانچ نمبر دیں۔ جزوی درست جواب لکھنے پر ایک تا چار نمبر دیں۔ مکمل غلط جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب: تہذیب کے لفظ کا تعلق لاطینی زبان کے لفظ (Civitas) یا (City) سے ہے جسکے معنی شہر ہیں۔

قدیم تہذیبوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں

میسوپوٹیمیا کی تہذیب

مصری تہذیب

وادی سندھ کی تہذیب

**Question No: 29**

---

سوال نمبر 29

---

**a )** **Describe the rapidly growing population affects the environment and natural resources. (Marks 05)**

تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی ماحول اور قدرتی وسائل کو متاثر کرتی ہے وضاحت کریں۔(5 نمبر)

آئیٹم روبرک (اردو):

طالب علم اگر مکمل درست جواب لکھتا ہے۔ تو پورے پانچ نمبر دیں گے۔ جزوی طور پر درست لکھتا ہے۔ تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ لکھنے پر صفر نمبر دیں۔

نمونے کا جواب: تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی ماحول اور قدرتی وسائل پر بہت زیادہ دباؤ ڈالتی ہے۔ زیادہ لوگوں کو زیادہ کھانے، پانی اور توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ جیسے جیسے آبادی بڑھتی ہے، قدرتی وسائل اس رفتار سے ختم ہوتے ہیں کہ ان کو دوبارہ حاصل کرنا ممکن نہیں ہوتا۔

**Explain the effects of human activities on the natural environment.(Marks 05)**

انسانی سرگرمیوں کے قدرتی ماحول پر اثرات بیان کریں۔(5 نمبر)

آئیٹم روبرک (اردو):

طالب علم اگر مکمل درست جواب لکھتا ہے۔ تو پورے پانچ نمبر دیں گے جزوی طور پر درست لکھتا ہے۔ تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ لکھنے پر صفر نمبر دیں۔

نمونے کا جواب: جس طرح قدرتی ماحول لوگوں کی زندگیوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ انسانی سرگرمیاں بھی ماحول پر اسی طرح اثر ڈالتی ہیں۔ مثال کے طور پر، جنگلات کی کٹائی سیلاب کے خطرات کو بڑھاتی ہے۔ جبکہ صنعت کاری ماحولیاتی آلودگی کا باعث بنتی ہے۔

**Question No: 30**

---

سوال نمبر 30

---

**a )** **How many types of business? Explain (Marks 05)**

کاروبار کی کتنی اقسام ہیں؟ وضاحت کریں۔(5 نمبر)

آئیٹم روبرک (اردو):

روبرکس: طالبِ علم اگر مکمل درست لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں، جزوی طور پر درست لکھتا ہے تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ لکھنے پر کوئی نمبر نہ دیں۔

نمونے کا جواب: بنیادی طور پر کاروبار دو طرح کا ہوتا ہے نمبر ایک واحد مالک کاروبار نمبر دو شراکت داری کا کاروبار

واحد مالک وہ ہوتا ہے جو اپنے کاروبار کا اکیلا مالک ہوتا ہے اور اسکے نفع و نقصان کا وہ خود ذمہ دار ہوتا ہے

شراکت داری میں دو یا دو سے زیادہ افراد مل کر ایک کاروبار چلاتے ہیں اور نفع و نقصان تمام کاروبار چلانے والوں میں تقسیم ہوتا ہے

**Briefly explain the effect of inflation on the development of a country. (Marks 05)**

افراط زر کا کسی ملک کی ترقی پر کیا اثر ہوتا ہے مختصراً بیان کریں۔(5 نمبر)

آیٹم روبرک (اردو):

روبرکس: طالبِ علم اگر مکمل درست لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں، جزوی طور پر درست لکھتا ہے تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ لکھنے پر کوئی نمبر نہ دیں۔

نمونے کا جواب: اگر اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ امدنی میں اضافہ نہیں ہوتا تو لوگوں کی قوتیں خرید کم ہو جاتی ہے افراط زر کی شرح بڑھنے سے ملک کی معیشت پر بہت برا اثر پڑتا ہے غربت میں اضافہ ہوتا ہے اور ملک کی ترقی کی رفتار کم ہو جاتی ہے